Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. ترجمہ کریں- رب انصرنی علی القوم المفسدین-

Ans 1: اے میرے رب ! میری مدد فرما ان فساد مچانے والے لوگوں کے مقابلہ میں-

---

Q2. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ثلچون شھرا- اربعین سنتہ - احسنا-

Ans 1: ثلثون شھرا- تیس مہینے - اربعین سنتہ- چالیس سال - احسنا- نیک سلوک

Q3. وان اعمل صالحا ترضہ و اصلح لی فی زریتی. کا ترجمہ کریں

Ans 1: اور یہ میں ایسے نیک عمل کروں جن سے تو راضی ہوجائے اور میرے لیے میری اولاد کونیک بنادے.

Q4. حضرت سلیمان علیہ السلام کن کے بیٹے ہیں.

Ans 1: حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت داؤد علی السلام کے بیٹے ہیں

Q5. خشکی اور تری پر فاس کس بات کا نتیجہ ہے.

Ans 1: خشکی اور تری پر فساد پر ہوتا انسانوں کے برے اعمال کا نتیجہ ہے.

Q6. الفاظ کے معنی تحریر کریں- مبرکا- الصلوۃ- مادمت - جبارا- یمترون- فیکون- الزکوۃ- شقی-ابعث-ان یتخذ

Ans 1: مبرکا- بابرکت - اصلوۃ- نماز مادمت - جب تک میں رہوں- جبارا - سرکش یمترون - وہ لوگ شک کرتےہیں- فیکون - تووہ ہوجاتا ہے الزکوۃ- زکوٰۃ شقی- بدبخت ابعث- میں اٹھایا جاؤں ان یتخذ - کہ وہ بنائے

Q7. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا کیا نام تھا

Ans 1: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام ابوطالب تھا

Q8. سورہ النملکی آیات اور رکوع کتنے ہیں.

Ans 1: سورہ النمل کی آیات 93 اور رکوع 7 ہیں

Q9. سورہ مریم کا خلاصہ تحریر کریں-

Ans 1: سورہ مریم اس زمانے میں نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے- اس موقع پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم فرمایا. حبشہ براعظم افریقہ کا ایک ملک تھا- جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین نے نبوت کا اعلان فرمایا تو وہاں ایک عیسائی حکمران تھا، جس کا لقب نجاشی تھا- نجاشی بہت رحم دل اور عادل بادشاہ تھا، وہ کسی ظلم نہیں کرتا تھا - نجاشی کا اصل نام "آصحمد" ہے- مکہ مکرمہ میں صحابہ کرام رضی اللہ پر قریش کا ظلم حد سے گزر گیا تھا- اس موقع پر حضرت محمد رسول اللہ خاتم انبین نے محسوس کیا کہ ایسے سخت حالات میں مسلمانوں کے لیے زندگی بسر کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے. آپ خاتم النبین نے اللہ تعالی کے حکم سے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی.

Ans 2: حضرت محمد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی اجازت سے گیارہ مردوں اور چار خؤاتین نے حبشہ کی طرف ہجرت کی. ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ اور آپ کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالی عنہ بھی تھیں، یہ حبشہ کی طرف پہلی ہجرت تھی- یہ نبوت کا پانچواں سال تھا. سورہ مریم کا خلاصہ " توحید ، رسالت اور آخرت کا بیان "ہے-

---

Q10. سورہ مریم کے کتنے رکوع اور آیات ہیں.

Ans 1: سورہ مریم کے 6 رکوع اور 98 آیات ہیں.
